بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلٰئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰھمّ صلّ علیٰ سیّدنا محمّدٍ وّعلیٰ آلِ سیّدنا محمّدٍ وّبارک وسلّم

الحمد للہ والمنّۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منّان تحفہ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمّد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرّسول

الجُزء الخامس عشر

فی نبوّتہٖ و رسالتہٖ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السّبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمّد عبد الرّحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَفْلَحِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِاَفْرَحِ

اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل سب سے زیادہ کامران یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور بطفیل سب سے زیادہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِاَصْلَحِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

موجب فرحت یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ۔ اور بطفیل سب سے زیادہ موجب اصلاح یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

وَبِاَنْجَحِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور بطفیل سب سے زیادہ موجب فلاح یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

غایت رحمت والا مہربان ہے ۔ مالک ہے روز جزاء کا (اے ان صفات کے موصوف) تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ

چلا ہمیں راہ راست پر راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَمَّا جَآءَهُمْ

جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ گمراہوں کی ۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور جبکہ آئے ان کے پاس

رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

عظیم رسول اللہ تعالیٰ کے پاس سے " اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک ہم نے بھیجا آپ کو حق کے ساتھ جبکہ تم بشارت دینے والے ہو (اہل

وَّنَذِيْرًا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا وَقَالَ

طاعت کو) اور ڈرانے والے ہو (عاصیوں کو) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور ہوں گے رسول اللہ تمہارے حق میں گواہی دینے والے " اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَقَالَ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ نے " وہ عظیم الشان جماعت رسولوں کی ہے فضیلت دی ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر " اور فرمایا اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

نے سبھی " ایمان لائے ساتھ اللہ تعالیٰ کے اور اس کے ملائکہ اور جملہ کتابوں اور تمام رسولوں کے ساتھ ۔ ہم نہیں تفرق کرتے درمیان

اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ

کسی کے رسولوں میں سے (از روئے ایمان کے) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "پھر آئیں تمہارے پاس وہ عظیم رسول جو تصدیق کرنیوالے ہیں

لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَكَيْفَ

ان تمام امور کی جو تمہارے ساتھ ہیں تو ضرور بالضرور ایمان لاؤ گے ساتھ ان کے اور مدد کرو گے ان کی" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اور کس طرح

تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰی عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَقَالَ

کفر کرتے ہو تم حالانکہ تم پر تلاوت کی جاتیں اللہ تعالیٰ کی آیات اور تمہارے اندر موجود ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ

اللہ تعالیٰ نے "اور نہیں محمد مگر رسول (نہ کہ الٰہ) تحقیق گزر چکے ان سے قبل رسول" اور

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے "جبکہ مبعوث فرمائے ان میں رسول انہیں میں سے جو تلاوت کرتے ہیں ان پر

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَ

اللہ کی آیات اور انہیں پاک کرتے ہیں اور انہیں تعلیم دیتے ہیں کتاب اور حکمت کی" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " اور

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ

نہیں شایاں اللہ تعالیٰ کے کہ اطلاع دے تمہیں غیب کی لیکن اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے جسے چاہے یعنی رسولوں کو

مَنْ يَّشَآءُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ

(اطلاع غیب کے لیے) پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور اس کے رسولوں کے اور اگر ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو تمہارے لیے

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ

عظیم اجر ہوگا" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " اور کہہ دیجئے تحقیق آئے تمہارے پاس بہت رسول مجھ سے

قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ

پہلے بہت سی آیات بینات" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے" اور جو اطاعت کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول کی تو اللہ تعالیٰ اسے داخل

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ

فرمائے گا ان جنات میں کہ بہتی ہیں ان کے درختوں کے نیچے نہریں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے ان میں اور وہ بہت عظیم

الْعَظِيْمُ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ

کامیابی ہے اور جو نافرمانبرداری کرے اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی اور اس کے حدود سے تجاوز کرے تو داخل کرے گا

نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ؕ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَطِيْعُوا

اللہ اس کو آتش دوزخ میں ہمیشہ اس میں ہوگا اور اسی کیلئے ہوگا رسوا کرنے والا عذاب۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے" اطاعت کرو

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ

اللہ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ کی اور اپنے اصحابِ امر کی پس اگر جھگڑا کرو کسی شئے میں

فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

تو اس کو لوٹاؤ طرف اللہ کے اور رسول کے اگر ہو تم ایمان رکھتے اللہ تعالےٰ پر اور روز قیامت پر

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے" اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اس لیے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ تعالیٰ

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ

کے اذن سے اور اگر وہ ظلم کریں اپنی جانوں پر۔ آئیں آپ کے پاس پس بخشش طلب کریں اللہ تعالیٰ سے اور بخشش طلب کریں

لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ

ان کے لیے رسول اللہ البتہ ضرور پائیں گے اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان" اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے " اور جو

يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ

اطاعت کرے اللہ کی اور رسول کی تو وہ ان کے ساتھ ہوں گے۔ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے یعنی

النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَقَالَ اللّٰهُ

انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین کے ساتھ اور فرمایا اللہ تعالےٰ

تَعَالٰی وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ وَ

نے " اور بھیجا ہے ہم نے آپ کو واسطے انسانوں کے رسول بنا کر اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور گواہ اور

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

جس اطاعت کی رسول اللہ کی تو پس یقیناً اس نے اطاعت کی اللہ تعالیٰ کی اور جس نے اعراض کیا تو نہیں بھیجا ہم نے

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

آپ کو ان پر نگران و محافظ بنا کر (کہ تم سے جواب طلبی ہو) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "اے ایمان والو ایمان لاؤ اللہ پر

وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اس نے رسول پر نازل فرمائی اور ہر اس کتاب پر نازل کی اس

مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ

سے پہلے اور جو کفر کرے ساتھ اللہ کے اور ملائکہ اور کتابوں اور رسولوں اور روز

الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

قیامت کے تو پس یقیناً گمراہ ہوا بہت گمراہ اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے " بیشک وہ لوگ جو کفر کرتے ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ

ساتھ اللہ کے اور اس کے رسولوں کے اور ارادہ کرتے ہیں تفرقہ کا درمیان اللہ اور اس کے رسولوں کے اور

يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا

کہتے ہیں ایمان لاتے ہیں ساتھ بعض کے اور کفر کرتے ہیں ساتھ بعض کے اور ارادہ رکھتے ہیں کہ بنائیں اس کے

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

درمیان میں راستہ وہی لوگ ہی پکے کافر ہیں ۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ

کہ بھیجے اس نے "رسول جو بشارت دینے والے اور ڈرانے والے ہیں تاکہ نہ ہو لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ پر کوئی حجت

بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَقَالَ اللّٰهُ

رسولوں کی بعثت کے بعد اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " پس ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر"۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

نے " اور جب ان کے پاس رسول اللہ کے پاس سے جو تصدیق کرنے والے ہیں ان تمام امور کی جو ان کے ساتھ ہیں"

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى

اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے حتّٰی کہ کہے رسول اور جو ان کے ساتھ ایمان لائے کیسا ہے

نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَبَعَثَ اللّٰهُ

مدد اللہ تعالیٰ کی ۔ آگاہ رہو بیشک اللہ تعالیٰ کی مدد قریب ہے ۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " پس بھیجا اللہ نے

النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

انبیاء کو بشارتیں دیتے اور ڈراتے اور نازل فرمائی ساتھ ان کے کتاب ساتھ حق کے ۔

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ

اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے " اور جبکہ لیا اللہ نے عہد انبیاء سے جب میں دوں تمہیں

مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ؕ

کتاب اور حکمت " اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے " اور نہیں شایاں کسی نبی کے لیے کہ خیانت کرے

وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ

اور جو خیانت کرے گا تو آئے گا بمع اس شئی کے جو اس نے بطور خیانت لی قیامت کے دن اور فرمایا اللہ نے " اور

كَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّآ

کتنے نبی ہیں کہ ان کی معیت میں قتال کیا بہت سے خدارسیدہ لوگوں نے " اور فرمایا اللہ نے " بے شک ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَقَالَ

وحی کی طرف تمہارے جیسے کہ وحی کی طرف نوح کے اور ان کے بعد والے انبیاء کے" اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

اللہ تعالیٰ نے "اے رب ہمارے عطا کر ہمیں جس کا وعدہ دیا ہے تو نے اپنے رسولوں کی زبان پر اور نہ رسوا کرنا ہمیں

الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ؕ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ

قیامت کے دن ۔ بیشک تو نہیں خلاف کرتا وعدہ کا " اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور جس نے دوستی کی اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ؕ وَقَالَ

اور اس کے رسول سے اور ایمان والوں سے پس تحقیق اللہ تعالیٰ کی جماعت ہی غالب ہے اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ

اللہ تعالیٰ نے " اے رسول پہنچا دیجئے جو نازل کیا گیا ہے آپ پر تمہارے رب کی طرف سے اور اگر (بالفرض)

لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ وَقَالَ

آپ نہیں کروگے تو تم نے نہیں پہنچائے اس کے بھیجے ہوئے پیغام اور اللہ محفوظ رکھے گا تمہیں لوگوں سے" اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ

اللہ تعالیٰ نے "البتہ تحقیق لیا ہم نے عہد بنی اسرائیل سے اور بھیجے طرف ان کے

رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ وَقَالَ اللّٰهُ

رسول۔ ہر بار کہ آئے ان کے پاس رسول ساتھ ان امور شے کے کہ نہیں محبوب رکھتے تھے انہیں ان کے نفوس" اور فرمایا اللہ

تَعَالٰى مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ

تعالیٰ نے "نہیں ہیں مسیح بن مریم مگر رسول (نہ خدا ہیں نہ اس کے بیٹے) تحقیق گزرے ان سے پہلے

الرُّسُلُ ؕ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ

بہت رسول" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "اور جب سنا انہوں نے جو نازل کیا گیا طرف رسول اللہ کے

تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

دیکھو گے ان کی آنکھیں بہتی ساتھ آنسوؤں کے بسبب عرفان حق کے درآنحالیکہ کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار

اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ؕ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

ہم ایمان لائے پس لکھ دے ہمیں ساتھ شہادت دینے والوں کے" اور فرمایا اللہ تعالیٰ اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور

اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا

اطاعت کرو رسول اللہ کی اور احتیاط و پرہیز کرو پس اگر اعراض کرو تو یقین جانو کہ نہیں لازم ہمارے رسول پر

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ وَ

مگر واضح تبلیغ" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے" اور نہیں لازم رسول اللہ پر مگر پہنچانا (احکام خداوند تعالیٰ کا) اور

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى

فرمایا اللہ تعالیٰ نے" اور جب انہیں کہا جائے آؤ طرف اس کے جو اللہ نے نازل فرمایا اور طرف

الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

رسول کے تو وہ کہتے ہیں کافی ہے ہمیں جس پر پایا ہم نے اپنے آباء کو" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے

وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلَنَسْئَلَنَّ

اور البتہ تحقیق آئیں آپ کے پاس مرسلین کی خبروں سے" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "پس ہم ضرور سوال کریں گے

الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

ان سے جن کی طرف رسول بھیجے گئے اور ضرور سوال کریں گے مرسلین سے" اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ

"اے ایمان والو نہ خیانت کرو اللہ تعالیٰ کی اور رسول اللہ کی اور نہ خیانت کرو اپنی امانتوں میں حالانکہ

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا

تم اہل علم ہو اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے "واسطے ہر اُمت کے رسول ہے پس جب

جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ وَقَالَ

آچکے رسول ان کا تو فیصلہ کر دیا جاتا ہے ان میں ساتھ انصاف کے اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے۔ اور فرمایا

اللّٰهُ تَعَالٰى هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

اللہ تعالیٰ نے" وہی ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو ساتھ ہدایت اور دین حق کے تاکہ

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

غالب کرے انہیں تمام تر ادیان پر۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے" اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور

اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَهُ

اطاعت کرو رسول اللہ کی" اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا

الصَّبِيُّ يَوْمَ وِلَادَتِهٖ وَشَهِدَ بِنُبُوَّتِهٖ وَرِسَالَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى

بچے نے ولادت کے دن اور گواہی دی آپ کی نبوت ورسالت کی اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَهُ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ وَاَقَرَّ بِرِسَالَتِهٖ وَ

سیدنا محمد پر جن سے کلام کیا حجر اسود نے اور اقرار کیا آپ کی رسالت کا اور

وَحَّدَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ كَلَّمَهُ الشَّجَرُ بِقَوْلِ لَآ اِلٰهَ

وحدانیت باری تعالیٰ بیان کی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن سے درخت نے کلام کیا ساتھ اس قول کے " لا الٰہ

إلا الله محمد رسول الله وصل على سيدنا محمد الذي جبل

إلا الله محمد رسول الله ، اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہیں پیدا کیا گیا

على الطبع الكريم وصل على سيدنا محمد المعني بقوله عز

کریم طبیعت پر اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مراد ہیں اللہ عزوجل کے اس

وجل في الذكر الحكيم إنه لقول رسول كريم صلى الله

قول سے جو ذکر حکیم میں ہے " بے شک وہ البتہ قول ہے کریم رسول کا صلی اللہ

عليه وسلم وصل على سيدنا محمد الذي ألبس الله آدم

علیہ وسلم۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ رکھا اللہ تعالیٰ نے تاج آدم کی

تاجا من نبوته على جبينه وصل على سيدنا محمد الذي

جبین پر آپ کی نبوت کی وجہ سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کی

خرت لرسالته الأصنام وصل على سيدنا محمد الذي

رسالت رکھے سلام نیاز پیش کرنے کیلئے گر پڑے بت سجدہ میں اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو کہ

خلاصة الرسالة والنبوة وصل على سيدنا محمد الذي

خلاصہ اور جوہر ہیں رسالت و نبوت کا۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہیں

خاطبه الله عز وجل آمن الرسول بما أنزل إليه من ربه

خطاب کیا اللہ تعالیٰ نے ساتھ اس قول کے، ایمان لائے رسول ساتھ اس کے جو ان پر نازل کیا گیا ان کے رب کی طرف سے

وصل على سيدنا محمد خاصة رسل الله وصل على سيدنا

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو اللہ تعالیٰ کے رسولوں میں خاص رسول ہیں اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

محمد الذي أشرق وجهه بنور النبوة والرسالة وصل

محمد پر کہ جن کا چہرہ انور چمک گیا نور نبوت و رسالت کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما

على سيدنا محمد الذي أقر له بالفضل والإعلاء من كان

سیدنا محمد پر کہ جن کے لیے اقرار کیا فضل و شرف اور بلندی و رفعت کا

قبله من الرسل والأنبياء وصل على سيدنا محمد الذي

پہلے رسولوں اور نبیوں تھے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہیں

فضله الله على أولي العزم من رسله وأنبيائه وصل على

فضیلت دی اللہ تعالیٰ نے اولوالعزم رسل اور انبیاء پر اور صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سيدنا محمد الذي فضله الله على كل رسول ونبي قبله و

سیدنا محمد پر کہ جنہیں فضیلت دی اللہ تعالیٰ نے ہر پہلے نبی و رسول پر اور

صل على سيدنا محمد سر أنجم نبوته على منهاج شريعته

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو راز سربستہ ہیں انجم نبوت کا شاہراہ شریعت پر

وسر الذي خلعت عليه ملابس الجلالة وفاق أهل النبوة

اور تیرا وہ راز مخفی کہ جس کو تو نے پہنائیں خلقہائے جلالت اور فوقیت لے گئے اہل نبوت

والرسالة وصل على سيدنا محمد المعني بقوله عز وجل لقد

و رسالت پر۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو مراد ہیں اللہ عزوجل کے اس قول سے "

من الله على المؤمنين إذ بعث فيهم رسولا من أنفسهم يتلوا

البتہ تحقیق احسان کیا اللہ تعالیٰ نے مومنین پر جبکہ بھیجا ان میں رسول انہیں میں سے جو تلاوت کرتا ہے

عليهم آياته ويزكيهم ويعلمهم الكتاب والحكمة والمرسل

ان پر آیات باری تعالیٰ کی اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں تعلیم دیتا ہے کتاب و حکمت کی

إلى كافة الخلق رحمة ونعمة وصل على سيدنا محمد الذي

اور جو بھیجے گئے تمام مخلوق کی طرف از روئے رحمت و نعمت ہونے کے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو

سرى لنيل القصد والأمل والمنادي ينادي هذا الذي

شب اسرا چلے مقاصد اور تمناؤں کو حاصل کرنے اور منادی حق پکار کر کہہ رہا تھا یہی ہیں وہ جن

عقدت له النبوة في الأزل وسرى وأنواره تتوقد والمنادي

کے لیے عہد نبوت لیا گیا ازل میں اور شب معراج چلے جبکہ انوار ان کے خوب روشن تھے اور منادی حق کہہ رہا تھا

يُنَادِي هٰذَا الَّذِي نَبَّأَهُ اللّٰهُ وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوحِ وَالْجَسَدِ وَسَرٰى

یہی ہیں وہ جن کو نبی بنایا گیا جبکہ آدم ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے

إِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ وَالْمُنَادِي يُنَادِي هٰذَا الَّذِي نَبَّأَهُ اللّٰهُ وَ

اور جو پہنچے قاب قوسین کے قرب تک اور منادی حق کہہ رہا تھا یہی ہیں وہ جنہیں اللہ نے نبی بنایا

آدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّينِ وَسَرٰى عَلٰى مَتْنِ الْبُرَاقِ وَالْمُنَادِي

جبکہ آدم ہنوز آب و گل میں تھے۔ اور چلے براق کی پشت پر اور منادیٔ حق کہہ رہا تھا

يُنَادِي هٰذَا رَسُولُ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ وَسَرٰى إِلَى الْمَحَلِّ الْأَعْلٰى

یہی ہیں ملک خلاق کے رسول ۔ اور چلے بلند ترین مقام کی طرف

وَالْمُنَادِي يُنَادِي هٰذَا رَسُولُ الْمَلِكِ الْمَوْلٰى وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

جبکہ منادی حق نداء دے رہا تھا یہی ملک مولیٰ کے رسول ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِي سَرٰى إِلٰى أَزْلَفِ مَنْزِلَةٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَالْمُنَادِي يُنَادِي هٰذَا

جو چلے قریب ترین منزل کی طرف اللہ تعالےٰ کے ہاں اور منادی نداء دے رہا تھا یہ ہیں

حَبِيبُ اللّٰهِ هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ وَسَرٰى وَقَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ بِرُؤْيَاهُ

حبیب اللہ یہ ہیں رسول اللہ اور چلے جبکہ مخصوص ٹھہرایا انہیں اللہ تعالےٰ نے اپنے دیدار کے ساتھ

وَالْمُنَادِي يُنَادِي هٰذَا خَيْرُ مَنْ نَبَّأَهُ اللّٰهُ وَاصْطَفَاهُ وَسَرٰى

اور منادی نداء دے رہا تھا یہ بہتر ہیں ان تمام سے جنہیں اللہ تعالیٰ نے شرف نبوت بخشا اور چن لیا۔ اور شب اسرار چلے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَالْأَنْبِيَاءُ تُقَبِّلُهُ وَتُحَيِّيهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

جبکہ ملائکہ اور انبیاء ان کے بوسے لیتے تھے اور ہدیے پیش کرتے تھے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِي قَفَلَ مِنْ مَسْرَاهُ وَقَدْ مَلَكَ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الدَّارَيْنِ

جو لوٹے اپنی سیر سے جبکہ مالک ہو چکے تھے دارین کے خزانوں کی چابیوں کے

وَسَمَا عَلٰى مَنَاصِبِ النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور حاوی ہو چکے تھے تمام انبیاء و مرسلین کے مناصب و مراتب پر اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِي سَرٰى إِلٰى مَحَلِّ فَوْزِهٖ وَنَجَاتِهٖ وَالْمُنَادِي يُنَادِي

محمد پر جنہوں نے معراج فرمائی مقام فوز و نجات تک اور منادی کہہ رہا تھا

هٰذَا النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

یہ ہیں نبی امّی جو ایمان رکھتے ہیں اللہ تعالےٰ اور اس کے کلمات پر۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي سَرٰى إِلٰى عُلُوِّ مَكَانَتِهٖ وَرُتْبَتِهٖ وَ

سیدنا محمد پر جنہوں نے معراج فرمائی اپنے بلند تر مکان اور مرتبہ تک اور

الْمُنَادِي يُنَادِي هٰذَا الَّذِي نَبَّأَهُ اللّٰهُ وَآدَمُ مُنْجَدِلٌ فِي

منادی نداء دے رہا تھا یہی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنایا جبکہ آدم ہنوز پڑے تھے

طِينَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي سَرٰى وَالْمَلٰٓئِكَةُ

کیچڑ ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو معراج پر چلے تو ملائکہ

وَالْأَنْبِيَاءُ تُقَبِّلُهُ وَتُحَيِّيهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ

اور انبیاء ان کے بوسے لیتے تھے اور تحفے پیش کرتے تھے ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو جامع ہیں

بِحَقِيقَتِهٖ لِجَمِيعِ الْحَقَائِقِ وَبِرُوحِهٖ لِجَمِيعِ الْأَرْوَاحِ وَبِشَرِيعَتِهٖ

باعتبار اپنی حقیقت کے تمام حقائق کے اور باعتبار اپنی روح کے تمام ارواح کے لیے اور باعتبار شریعت کے

لِجَمِيعِ الشَّرَائِعِ وَبِطَرِيقَتِهٖ لِجَمِيعِ الطُّرُقِ وَبِحَقِيقَتِهٖ لِجَمِيعِ

تمام شرائع کو اور باعتبار طریقت کے تمام طریقتوں کو اور باعتبار حقیقت کے تمام حقیقتوں کو اور

الْحَقَائِقِ وَبِمَعْرِفَتِهٖ لِجَمِيعِ الْمَعَارِفِ وَبِنُبُوَّتِهٖ لِجَمِيعِ

باعتبار معرفت کے تمام معارف کو اور باعتبار اپنی نبوّت کے تمام

النُّبُوَّاتِ وَبِوِلَايَتِهٖ لِجَمِيعِ الْوِلَايَاتِ وَبِقَلْبِهٖ لِجَمِيعِ

نبوتوں کو اور باعتبار اپنی ولایت کے تمام ولایتوں کو اور باعتبار اپنے قلب کے تمام

الْقُلُوبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ كُنْتُ

قلوب کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا "میں

نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ حَيٌّ لَّا تَمُوْتُ وَ

نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام ہنوز آب و گل میں تھے " اے اللہ بیشک تو زندہ ہے جو مرنے سے پاک ہے

دَآئِمٌ لَّا تَفُوْتُ وَخَالِقٌ لَّا تُخْلَقُ وَسَمِيْعٌ لَّا تُشَكُّ وَبَصِيْرٌ لَّا

دائم ہے جو زوال سے پاک ہے ۔ پیدا کرنے والا ہے پیدا کئے جانے سے پاک ہے اور سننے والا ہے نہیں شک کیا جاتا ہے

تُرْتَابُ وَرَبٌّ لَّا تُعَابُ وَشَاهِدٌ لَّا تَغِيْبُ وَاَبَدِيٌّ لَّا تَفْقِدُ

اور دیکھتا ہے نہیں تردد کیا جاتا اس میں ۔ اور پروردگار ہے نہیں عیب لگایا جا سکتا ۔ اور مشاہدہ کرنے والا ہے جو غائب نہیں ہوتا ہے اور

وَلَا تَنْفَدُ وَصَادِقٌ لَّا تُكَذَّبُ وَقَاهِرٌ لَّا تُغْلَبُ وَقَرِيْبٌ لَّا تُبْعَدُ

ابدی ہے نہ معلوم ہوتا ہے اور نہ ختم ہوتا ہے اور سچا ہے جھوٹا نہیں قرار دیا جا سکتا اور غالب ہے مغلوب نہیں ۔ قریب ہے بعید نہیں

وَقَادِرٌ لَّا تُضَآرُّ وَغَافِرٌ لَّا تُظْلَمُ وَصَمَدٌ لَّا تُطْعَمُ وَقَيُّوْمٌ لَّا تَنَامُ

قادر ہے قابل ضرر نہیں ۔ غافر ہے مظلوم نہیں ۔ بے نیاز ہے محتاج طعام نہیں ۔ قیوم ہے سوتا نہیں

وَمُجِيْبٌ لَّا تَسَامُ وَجَبَّارٌ لَّا تُكَلَّمُ وَعَلِيْمٌ لَّا تُرَامُ وَعَالِمٌ لَّا تُعَلَّمُ

اور قبول کرنے والا ہے تنگدل نہیں ہوتا اور جبار ہے جس سے کلام نہیں کیا جا سکتا اور علیم ہے اس کا قصد نہیں کیا جا سکتا ۔ عالم ہے

وَقَوِيٌّ لَّا تَضْعُفُ وَعَظِيْمٌ لَّا تُوْصَفُ وَوَفِيٌّ لَّا تُخْلِفُ وَعَدْلٌ لَّا

محتاج تعلیم نہیں ۔ قوی ہے کمزور نہیں اور عظیم ہے کماحقہ وصف نہیں کیا جا سکتا اور اہل وفا ہے خلاف وعدہ نہیں کرتا ۔ سراسر عدل ہے

تَحِيْفُ وَغَنِيٌّ لَّا تَفْتَقِرُ وَمَعْرُوْفٌ لَّا تُنْكَرُ وَكَبِيْرٌ لَّا تَغْدِرُ وَ

ظلم نہیں کرتا اور غنی ہے محتاج نہیں اور جانا پہچانا ہے اجنبی نہیں اور صاحب کبریاء ہے عہد شکنی نہیں کرتا ۔

حَكِيْمٌ لَّا تَجُوْرُ وَمَنِيْعٌ لَّا تُقْهَرُ وَوَكِيْلٌ لَّا تَخْفِرُ وَغَالِبٌ لَّا

حکیم ہے جور نہیں کرتا ۔ مستحکم ہے مقہور نہیں ہوتا اور کارساز ہے ذمہ داری میں کوتاہی نہیں کرتا ۔ غالب ہے

تُغْلَبُ وَوِتْرٌ لَّا تَسْتَامِرُ وَفَرْدٌ لَّا تَسْتَشِيْرُ وَوَهَّابٌ لَّا تَمَلُّ

مغلوب نہیں اور یگانہ ہے رائے نہیں لیتا اور یکتا ہے مشورہ نہیں لیتا اور بہت ہبہ کرنے والا ہے رنجیدہ نہیں ہوتا

وَسَرِيْعٌ لَّا تَذْهَلُ وَحَلِيْمٌ لَّا تَعْجَلُ وَجَوَادٌ لَّا تَبْخَلُ وَعَزِيْزٌ

اور صاحب سرعت ہے بھولتا نہیں اور صاحب حلم ہے جلد بازی نہیں کرتا اور صاحب جود ہے بخل نہیں کرتا صاحب عزت ہے

لَّا تُذَلُّ وَقَآئِمٌ لَّا تَنَامُ وَحَافِظٌ لَّا تَغْفُلُ وَمُحْتَجِبٌ لَّا تُرٰى

مغلوب نہیں ہوتا ۔ قائم ہے نہیں سوتا اور محافظ ہے غافل نہیں ہوتا اور بوجہ کمال ظہور نگاہوں سے اوجھل ہے نہیں دیکھا جا سکتا

وَدَآئِمٌ لَّا تَفْنٰى وَبَاقٍ لَّا تَبْلٰى وَوَاحِدٌ لَّا تُشَبَّهُ وَمُقْتَدِرٌ لَّا

اور دائم ہے فنا پذیر نہیں اور باقی ہے بوسیدہ نہیں ہوتا اور اکیلا ہے کسی کے مشابہ نہیں اور صاحب اقتدار ہے جس

تُنَازَعُ وَمَلِكٌ لَّا تَزُوْلُ يَا كَرِيْمُ الْجَوَادُ الْمُكْرِمُ يَا جَبَّارُ الْمُتَجَبِّرُ

سے نزاع نہیں کیا جا سکتا اور بادشاہ ہے جس کی بادشاہی کو زوال نہیں ۔ اے کریم ۔ جواد ۔ مکرم اے جبار ۔ متجبر ۔

الْمُتَكَبِّرُ يَا جَلِيْلُ الْمُتَجَلِّلُ الْمُتَجَبِّلُ يَا عَزِيْزُ الْمُعِزُّ الْمُتَعَزِّزُ يَا

متکبر ۔ اے جلیل ۔ جلال کو پوری طرح ظاہر کرنیوالے ۔ اے بہت جمال والے ۔ اے عزیز ۔ اے عزت دینے والے عزت کاملہ کا

مَنْ يُّنَادِيْكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ يَا ظَاهِرُ الظَّهُوْرُ الْمُظْهِرُ يَا

مظاہرہ کرنے والے ۔ اے کہ جسے پکارتے ہیں ہر گہرے راستہ سے ۔ اے ظاہر ۔ سراسر ظہور ۔ ظاہر کرنے والے ۔ اے

طَاهِرُ الطَّهُوْرُ الْمُطَهِّرُ الْمُتَطَهِّرُ يَا قَاهِرُ الْمُقْتَدِرُ يَا عَزِيْزُ الْمُعِزُّ

طاہر سراسر طہور ۔ پاک کرنے والے اور پاکیزگی کاملہ والے ۔ اے قاہر ۔ صاحب اقتدار ۔ اے عزیز ۔ اے عزت دینے والے

الْمُتَعَزِّزُ يَا مَنْ يُّنَادِيْكَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ وَمِنْ شَوَاهِقِ

اے عزت کاملہ والے ۔ اے کہ جس کو پکارتے ہیں (مخلوق) ہر گہرے راستہ سے اور پہاڑوں کی بلند

الْجِبَالِ وَاَقْعَارِ الْبِحَارِ وَاَوْكَارِ الطُّيُوْرِ بِاَلْسِنَةٍ شَتّٰى وَ

چوٹیوں اور سمندروں کی گہرائیوں اور پرندوں کے گھونسلوں سے مختلف زبانوں اور بولیوں کے

لُغَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَّحَوَآئِجَ اُخْرٰى يَا مَنْ لَّا يُشْغِلُهٗ شَاْنٌ عَنْ

ساتھ اور اور مختلف حاجات میں ۔ اے کہ جسے نہیں مشغول کرتی ایک حالت

شَاْنٍ يَا مَنْ لَّا يُشْغِلُكَ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ اَنْتَ الَّذِيْ لَا تُغَيِّرُكَ

دوسری سے ۔ اے کہ جسے نہیں مشغول کرتی کوئی شئے دوسری سے تو ہی ہے جس کو نہیں متغیر کرتے

الْاَزْمِنَةُ وَلَا تُحِيْطُ بِكَ الْاَمْكِنَةُ وَلَا تَصِفُكَ الْاَلْسِنَةُ وَلَا

زمانے اور نہیں محیط ہو سکتے مکان اور نہ تیری توصیف کر سکتی ہیں زبانیں اور نہ تجھے

تَاخُذُكَ نَوْمٌ وَّلَا سِنَةٌ وَّلَا يُشْبِهُكَ شَيْءٌ وَّكَيْفَ لَا تَكُوْنُ كَذٰلِكَ

اپنی لپیٹ میں لیتی ہے نیند اور نہ ہی اونگھ اور نہیں مشابہ تیرے کوئی شئ اور کیونکر تو ایسے نہ ہو جبکہ

وَاَنْتَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّكُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهُكَ الْكَرِيْمَ

تو ہر شئ کا خالق ہے اور ہر شئ ہلاک ہونے والی ہے سوائے تیری ذات کریم کے پاکیزہ

سُبُّوْحٌ ذِكْرُكَ قُدُّوْسٌ اَمْرُكَ وَاحِدٌ حَقُّكَ نَافِذٌ قَضَآئُكَ

ہے ذکر تیرا مقدس ہے امر تیرا واحد ہے حق تیرا نافذ ہے قضاء تیری

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّيَسِّرْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ مَا

وصلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آسان فرما میرے لیے میرے امر سے

اَرْجُوْ مِنْكَ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ وَاصْرِفْ عَنِّيْ مَآ اَخَافُ عَنْهُ

جس کی میں امید رکھتا ہوں تجھ سے یا اللہ یا اللہ یا اللہ اور دور فرما مجھ سے جس سے میں خوف کھاتا ہوں

يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ وَيَسِّرْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ مَآ اَخَافُ عُسْرَتَهٗ يَآ

یا اللہ یا اللہ یا اللہ اور آسان فرما میرے لیے میرے امر سے جس کی تنگی سے میں ڈرتا ہوں یا

اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ وَفَرِّجْ عَنِّيْ مَآ اَخَافُ ضِيْقَتَهٗ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ

اللہ یا اللہ یا اللہ۔ اور دور فرما مجھ سے جس کی تنگی سے میں خوف کھاتا ہوں یا اللہ یا اللہ

يَآ اَللّٰهُ وَسَهِّلْ لِّيْ مَآ اَخَافُ حُزُوْنَتَهٗ يَآ اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَفِّنَا

یا اللہ۔ اور آسان فرما میرے لیے جس کی سختی سے میں ڈرتا ہوں یا اللہ۔ اے اللہ مصفّٰی فرما

بِصَفَآئِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَخِلَّآئِهٖ وَصُدُوْرَنَا فِيْ صُدُوْرِ دِيْوَانِ

ہمیں بطفیل ان کے صفا و خلوص کے اور بنا ہمیں ان کے دوستوں سے اور ہمارے سینوں کو داخل فرما ان کے اولیاء کے

اَوْلِيَآئِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا دَآئِمَيْنِ بِدَوَامِ عَطَآئِهٖ

دیوان کے سینوں میں ان کے بعد صلواۃ وسلام نازل ہو ان پر جو دائم ہو ان کے دوام عطا کے مطابق

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ وَلَآ اَسْئَلُ مِنْ غَيْرِكَ

صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور نہیں سوال کرتا تیرے غیر سے

وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ وَلَآ اَرْغَبُ اِلٰى غَيْرِكَ وَاَسْئَلُكَ يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ

اور تیری طرف رغبت کرتا ہوں اور نہیں رغبت رکھتا تیرے سوا کی طرف اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے خوفزدگان کی

وَجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ اَنْتَ الْفَتَّاحُ اِلَى الْخَيْرَاتِ وَمُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ

امان اور پناہ پکڑنے والوں کی پناہ۔ تو ہی ہے کھولنے والا دروازہ طرف خیرات کے اور درگزر کرنے والا لغزشوں سے

وَمَاحِي السَّيِّئَاتِ وَكَاتِبُ الْحَسَنَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَمَانِعُ

اور مٹانے والا گناہوں کا اور لکھوانے والا نیکیوں کا اور بلند کرنے والا درجات کا اور روکنے والا

الْبَلِيَّاتِ وَدَافِعُ الْاٰفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

مصائب کا اور دور کرنے والا آفات کا۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ

شَهِدَ بِرِسَالَتِهِ الْمَلِكُ الْغَفَّارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

شہادت دی ان کی رسالت کی ملک غفار نے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْاِنْسَانِ لِعُيُوْنِ الْمَمَالِكِ وَالرُّوْحِ لِدَوَآئِرِ الْمَدَدِ وَالْمَسَالِكِ

جو پتلی ہیں ممالک کی آنکھوں کے لیے اور روح ہیں واسطے مدد کے دائروں اور راستوں کے لیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ظِلِّكَ الْمَمْدُوْدِ لِكُلِّ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جو کہ تیرا ظل ممدود ہیں

مُقَرَّبٍ وَّفَيْئِكَ الْمَسْعُوْدِ لِكُلِّ مُحَبَّبٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

واسطے ہر مقرب کے اور سایۂ سعادت ہیں واسطے ہر محبوب کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَطْلَعِ الْاَنْوَارِ الْاِلٰهِيِّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو انوار الٰہیہ کے مطیع ہیں

وَمَخْزَنِ الْعُلُوْمِ الْوَحْدَةِ الرَّبَّانِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور وحدت ربانیہ کے علوم کے خزانہ ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قِبْلَةِ التَّجَلِّي الذَّاتِيِّ وَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو قبلہ ہیں تجلی ذاتی کا اور

وَمَظْهَرِ اَسْرَارِ الصِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مظہر ہیں اسرار صفاتی کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَائِزِ لِعِلْمِ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل پر جو محبوب جامع ہیں ماکان و مایکون کے علوم کے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَجْلَى الْاِسْمِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو جلوہ گاہ ہیں پوشیدہ

الْاَعْظَمِ الْمَكْنُوْنِ وَحَقِيْقَةِ الْعَرْشِ الْمَخْزُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اسم اعظم کی اور حقیقت ہیں مخزون و محفوظ عرش کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ الرَّحْمَةِ

سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو عین رحمت ہیں

وَسِرِّ الْحِكْمَةِ وَبَابِ الْحَضْرَةِ وَمَقْصُوْدِ النَّظْرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور راز حکمت ہیں اور بارگاہ خداوندی کا دروازہ ہیں اور مقصود نظر ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْاَرْوَاحِ وَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو روحوں کے طبیب ہیں اور

قُوَّةِ الْاَشْبَاحِ وَالصَّلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اجسام کے لیے قوت اور بہتری کا سامان ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَرْوِى الظَّمَاِ وَمُذْهِبِ الْعَمٰى مَنْ

اور آپ کی آل اطہار پر کہ سیراب کرنے والے ہیں پیاس کے اور دور کرنے والے ہیں اندھے پن کو جو کہ

هُوَ الْحِمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

سراپا حمایت و نگرانی ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مُفِيْضِ النِّتَاجِ وَالنُّوْرِ السِّرَاجِ الثَّجَّاجِ وَمُتَلَاطِمِ الْاَمْوَاجِ

پر جو فیض دینے والے ہیں نتائج کا اور روشن چراغ ہیں ۔ زور سے بہتا دریا ہیں جس کی موجیں باہم متلاطم ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْبَصَائِرِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو مجسم نور ہیں بصیرتوں کیلئے

وَمَدَدِ الدَّوَائِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور مدد ہیں دائروں کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر ۰ اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَطْلُوْبِ الْحَضَائِرِ وَالرَّسُوْلِ الطَّاهِرِ وَالنَّبِيِّ الْفَاخِرِ اَللّٰهُمَّ

پر جو مطلوب ہیں قدسی بارگاہوں کے ۔ صاحب طہارت رسول اور صاحب فخر نبی ہیں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُبِيْدِ الْمَنَاكِرِ وَمُشَيِّدِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو تباہ کرنے والے ہیں برائیوں کے اور پختہ کرنیوالے

الْاَوَامِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ کے احکام کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

حَبِيْبِ الْكُلِّ وَالْمُطَّلِعِ عَلَى الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جو آقا ہر ایک کے حبیب ہیں اور غیوب پر مطلع ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حِجَابِ كُلِّ عَارٍ وَازْدِيَادِ مَحَبَّةِ

سیّدنا محمدؐ پر اور سیّدنا محمدؐ کی آل پر جو حجاب و رکاوٹ ہیں ہر عار کے آگے اور موجب ہیں محبت میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْعَدَدِ

ترقی کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو آقا راز مخفی ہیں اعداد کا

وَمُمِدِّ الْمَدَدِ مَنْ لَّا يُسَاوِيْهِ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنِّيْٓ اَشْهَدُ

اور موجب و باعث ہیں مدد کا جن سے کوئی بھی مساوی نہیں ہو سکتا ۔ اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل میری

اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

اس شہادت کے کہ تو ہی اللہ ہے ۔ نہیں معبود برحق مگر وہی اور اس گواہی کے کہ محمدؐ تیرے عبد اور رسول

وَمَحْبُوْبُكَ وَالْاَوْلِيَآءُ وَالصُّلَحَآءُ بِمَحَبَّتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

اور محبوب ہیں اور تمام اولیاء و صلحاء بھی یہی شہادت دیتے ہیں بسبب تیری محبت کے ۔ اے اللہ بیشک میں سوال

بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ الْحَنَّانُ

کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس کے کہ تیرے لیے ہی حمد ہے۔ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں کوئی شریک تیرا بہت مہربان

الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

بہت صاحب احسان۔ ازسرنو پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے۔ پاک ہے میرا رب عظیم

وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ فَاطِرُ

اور حمد ہے اس کی۔ پاک ہے وہ اور بلند شان۔ پاک ہے میرا رب اعلیٰ جو بہت عطا کرنے والا ہے۔ اے اللہ پیدا کرنیوالے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكُهٗ وَ

آسمانوں اور زمین کے۔ جاننے والے غیب و شہادت کے۔ رب ہر شئے کا اور بادشاہ اور

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں شریک واسطے تیرے۔ اے اللہ بے شک صبح کی میں نے

وَاُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ

جبکہ گواہ بناتا ہوں تجھے اور گواہ بناتا ہوں تیرے حاملین عرش اور تمام ملائکہ کو اور تمام مخلوق کو ساتھ اس کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ

کہ نہیں معبود برحق مگر تو اور بیشک محمدؐ تیرے عبد خاص اور رسول ہیں۔ اور صبح کی ہم نے اور صبح کی

الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

ملک نے واسطے اللہ تعالیٰ کے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ نہیں معبود برحق مگر اللہ وحدہ لاشریک ہے۔ اسی کیلئے

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَ

ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر شئے پر قدیر ہے۔ صبح کی ہم نے اور صبح کی ملک نے واسطے اللہ کے

الْعِزَّةُ وَالْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَآءُ وَالْجَبَرُوْتُ وَالسُّلْطَانُ وَالْبُرْهَانُ

اور عزت و عظمت اور کبریاء و تسلط اور غلبہ و برہان

لِلّٰهِ وَالْاٰلَآءُ وَالنَّعْمَآءُ لِلّٰهِ وَالْخَلْقُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالْاَمْرُ لِلّٰهِ وَمَا

واسطے اللہ تعالیٰ کے اور تمام نعمتیں ظاہری اور باطنی اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور خلق و امر اور شب و روز اللہ کیلئے ہیں اور جو

سَكَنَ فِيْهِمَا كُلُّهٗ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ

ان میں سکون پذیر ہے وہ سبھی اللہ واحد قہار کے لیے ہیں۔ صبح کی ہم نے فطرت اسلام پر

وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ

اور کلمۂ اخلاص پر اور اپنے نبی محمدؐ کے دین پر صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اَلْحَمْدُ

اپنے باپ حضرت ابراہیم کی ملت پر جو حق کی طرف راغب اور سراپا تسلیم و رضا تھے اور نہیں تھے مشرکین سے تمام تعریفیں

لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَسَآءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

اللہ کے لیے ہیں صبح کی حسن و خوبی پر اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں شام کے حسن و خوبی پر اور حمد ہے اللہ کیلئے

حُسْنِ الْمَبِيْتِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَعَ دَوَامِكَ وَلَكَ

رات گزرنے کے حسن و خوبی پر۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے حمد جو دائم ہو ساتھ تیرے دوام کے۔ اور تیرے ہی لیے

الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

ہے حمد جو ہمیشہ ہو تیرے خلود کے ساتھ۔ اور تیرے ہی لیے ہے حمد کہ نہیں منتہاء اس کے لیے بغیر

مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَتَنَفُّسِ كُلِّ

تیری مشیت کے اور تیرے ہی لیے ہے حمد ہر دفعہ آنکھ جھپکنے پر اور ہر سانس کی

نَفَسٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا دَآئِمًا عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ

آمدورفت پر اللہ تعالیٰ کے لیے ہے حمد دائمی مطابق تعداد قطرات اور نباتات اور ہر حجر

وَالشَّجَرِ وَالْاَوْرَاقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَفَاهُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ

و شجر کے اور تمام پتوں کے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور وہی کافی ہے اور صلوٰۃ نازل ہو اس کے نبی محمدؐ پر

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِيْ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اے میرے الٰہ میں تیری رحمت کے ساتھ امیدوار ہوں پس مجھے نہ

نَفْسِيْ وَلَآ اِلٰى غَيْرِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَاَصْلِحْ

سونپ میرے نفس کی طرف اور نہ طرف اپنے ماسوا کے آنکھ جھپکنے کی دیر اور نہ ہی اس سے کم۔ اور درست فرما

لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَتُبْ عَلَیَّ وَ

میرے لیے میرے تمام حالات بطفیل اس کے کہ نہیں معبود برحق مگر تو اکیلا نہیں شریک تیرے لیے اور نظر رحمت فرما مجھ پر اور

اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَ

مغفرت فرما اور رحم فرما اور تو بہتر ہے تمام رحم کرنے والوں سے۔ اے اللہ تیرے لیے ہی حمد ہے اور

اِلَیْكَ الْمُشْتَكٰی وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ یَا لَطِیْفُ

طرف تیرے ہی جاتے شکایت ہے اور تو معاونت طلب کیے جانے کے لائق ہے اور نہیں طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ تیرے اے

اُلْطُفْ بِیْ وَبِوَالِدَیَّ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی یَا

لطیف لطف فرما مجھ پر اور میرے والدین پر تمام احوال میں جیسے کہ تجھے محبوب اور پسند ہے۔ اے

عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ وَاغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ

علیم۔ اے قدیر اور بخش مجھے اور میرے والدین کو بیشک تو ہر شئے پر کامل دسترس والا ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِی الْوَجْهِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو چاند سے حسین چہرے

الْاَقْمَرِ وَاللَّوْنِ الْاَزْهَرِ وَالرِّیْحِ الْاَعْطَرِ وَالسَّیِّدِ الْاَكْبَرِ وَحَبِیْبِكَ

والے ہیں اور بہت چمک دار رنگت والے۔ انتہائی معطر خوشبو والے اور بہت بڑے سردار اور تیرے انتہائی

الْاَفْخَرِ وَخَلِیْلِكَ الْاَطْهَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قابل فخر حبیب اور حد درجہ پاکیزہ خلیل۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْ بِهٖ تُقْبَلُ الْاَعْمَالُ وَبِهٖ تَصْلُحُ الْاَحْوَالُ

آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل اعمال خیر قبول ہوتے ہیں اور احوال کی اصلاح ہوتی ہے

وَبِهٖ یَحْسُنُ خِتَامُ الْاٰجَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور جن کے طفیل اچھا ہوتا ہے خاتمہ مقدرہ عمروں کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِیْزَابِ حَضْرَتِكَ الْعِنْدِیَّةِ وَسَقْفِ كَعْبَةِ كَمَالَاتِكَ

آل اطہار پر جو تیری بارگاہ قرب کا میزاب رحمت ہیں اور کمالات ربانیہ کے کعبہ چھت ہیں

الرَّبَّانِیَّةِ وَحَجَرِ بَیْتِكَ الرَّحْمَانِیَّةِ وَرُكْنِ الْیَمَانِیْ لِاَسْرَارِكَ الْفَرْدَانِیَّةِ

